18 فروری 2026ء

اسٹیٹ بینک نے رمضان المبارک، 1447 ہجری کے دوران دفتری اور کاروباری اوقات کا اعلان کر دیا

رمضان المبارک 1447 ھ کے مقدس مہینے کے دوران بینک دولت پاکستان میں مندرجہ ذیل دفتری اوقات پر عمل کیا جائے گا جن پر تمام بینک، ترقیاتی مالی ادارے اور مائکروفنانس بینک بھی عمل کریں گے:

پیر تا جمعرات: **صبح نو بجے** سے **سہ پہر تین بجے** تک بلا وقفہ جبکہ جمعے کو دفتری اوقات **صبح نو بجے** سے **دوپہر ساڑھے بارہ بجے** تک بلا وقفہ ہوں گے۔

تاہم مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ عوام سے لین دین کے لیے مندرجہ ذیل کاروباری (بینکاری) اوقات پر عمل کیا جائے:

پیر تا جمعرات: **صبح نو بجے** سے **دوپہر دو بجے** تک بلا وقفہ جبکہ جمعے کو عوام سے لین دین کے لیے کاروباری (بینکاری) اوقات **صبح نو بجے** سے **دوپہر ساڑھے بارہ بجے** تک بلا وقفہ ہوں گے۔

رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے بعد وہی اوقات کار لاگو ہو جائیں گے جو رمضان المبارک سے پہلے نافذ تھے۔

*****